Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 — غرۃ المبارک، 8 نومبر 2024ء، 5 جمادی الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 212

وزیر اعظم سے ترک سفیر کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ

وزیر اعظم شہباز شریف سے پاکستان میں ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اولو نے وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی جس میں علاقائی صورتحال بالخصوص غزہ و مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

وزیر اعظم نے نوتعینات ترک سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے دوطرفہ تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور دفاع میں تعاون کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا

ہائی کمشنر راجہ محفوظ سنگاپور ٹیکنیک فیسٹیول 2024 میں پاکستان پویلین کا افتتاح کر رہی ہیں

بجلی کے استعمال میں اضافے کیلئے ونٹر پیکیج لانے کا منصوبہ

تین ماہ کیلئے بجلی کی قیمتوں میں 8 روپے تک کمی کا امکان

پیکیج کی حتمی منظوری آئی ایم ایف کی اجازت سے مشروط ہوگی

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی حکومت بجلی کے استعمال میں اضافے کیلئے ونٹر پیکیج لانے کے منصوبہ پر غور کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ونٹر پیکیج کے تحت صارفین کو ریفرکٹلی استعمال بڑھانے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے، پاور ڈویژن (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد (ایوان آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان میں جمہوریہ ترکیہ کے سفیر عزت مآب عرفان نذیر اولو نے آج وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے نئے تعینات ہونے والے ترک سفیر عزت مآب نذیر اولو کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دو پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے ترکیہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کی خواہاں ہیں۔ پاکستان (بقیہ نمبر 6)

پاکستان پر مبنی بجٹ لانے کیلئے دباؤ بڑھ گیا

IMF مشن آئندہ ہفتے پاکستان آئیگا

پاکستان کا مالیہ بڑھانے میں منفعہ دو پرچل مینجنگ کے ذریعے آئی ایم ایف کو اصلاحاتی ارادے پر قائل کرنے میں ناکام رہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی جانب سے اہداف کے حصول میں ناکامی مبنی بحث لانے پر آئی ایم ایف کا دباؤ بڑھ گیا، مددگار مشن حکومت سے (بقیہ نمبر 10)

اسموگ کے پیش نظر اسپورٹس گالا ملتوی کر دیا، مریم اورنگزیب

مساجد سے اسموگ کی اعتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور غیر ضروری گھروں سے نہ نکلنے کے اعلانات کیے جا رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ اسموگ کی صورت حال کے پیش نظر اسپورٹس گالا ملتوی کر دیا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ اسموگ کے بعد (بقیہ نمبر 9)

یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی قیمتوں میں 13 روپے کمی

چینی کی نئی قیمت 140 روپے فی کلو مقرر، اب تک یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی 153 روپے کلو رہی تھی

اسلام آباد (این این آئی) یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن نے چینی کی قیمتوں میں کمی کر دی۔ ذرائع کے مطابق یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن نے چینی کی فی کلو سیل قیمت 13 روپے کمی کر دی، قیمت میں کمی کا اطلاق فوری طور پر کیا جائے (بقیہ نمبر 8)

مریم نواز شریف نے پنجاب میں جدید زراعت کے فروغ کیلئے اپنا ایک اور وعدہ پورا کر دیا

کسان خوشحال تو ملک خوشحال

پہلے مرحلے میں ایک ہزار سوپر سیڈرز پنجاب کے مختلف اضلاع میں کسانوں کو فراہم کیے گئے ہیں، مریم اورنگزیب، مجموعی طور پر 5 ہزار جدید سوپر سیڈرز کسانوں میں رعایتی قیمت اور آسان اقساط پر تقسیم کیے جائیں گے، سینئر صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب میں جدید زراعت کے فروغ کے لیے اپنا ایک اور وعدہ پورا کر دیا ہے۔ اس حوالے سے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے جدید سوپر سیڈر مشینوں کی تقسیم سے متعلق تفصیلات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے میں ایک ہزار سوپر سیڈرز پنجاب کے مختلف اضلاع، بشمول فیصل آباد، اوکاڑہ، بہاولنگر، منڈی بہاؤالدین، اور (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے جمہوریہ ترکی کے سفیر عرفان نذیر اولو کی ملاقات کی

احتجاج کو اپنا حق سمجھنے والے، اساتذہ کے احتجاج پر بلبلا اٹھے ہیں، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ احتجاج کو اپنا آئینی حق سمجھنے والے، اساتذہ کے احتجاج پر بلبلا اٹھے ہیں، اسے پی حکومت کی جانب سے (بقیہ نمبر 2)

پاکستان میں 50 فیصد سے زیادہ سگریٹس کی غیر قانونی فروخت کا انکشاف

قانونی سگریٹس کی فروخت میں کمی، ٹیکس ریونیو میں سالانہ 300 ارب کا نقصان

لاہور (این این آئی) پاکستان میں 50 فیصد سے زیادہ سگریٹس کی غیر قانونی فروخت کا انکشاف ہوا ہے۔ قانونی سگریٹس کی فروخت میں کمی سے ٹیکس ریونیو میں سالانہ 300 ارب کا نقصان ہو رہا ہے، صرف پچھلی ساعی میں قانونی سگریٹس کی فروخت میں 8 (بقیہ نمبر 1)

پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی غریب افراد کیلئے بڑا چیلنج ہے

پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کی موسمیاتی تبدیلی کے باعث صحت، تعلیم اور روزگار پر ہونے والے اثرات پر تبادلہ خیال کیا گیا

سینیٹر روبینہ خالد نے آئی آکسفورڈ پالیسی مینجمنٹ (او پی ایم) کے کنٹری ڈائریکٹر رؤف خان سے پی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی

اسلام آباد (ثمائمہ عوامی للکار) سینیٹر روبینہ خالد نے آج آکسفورڈ پالیسی مینجمنٹ (او پی ایم) کے کنٹری ڈائریکٹر رؤف خان سے پی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کی موسمیاتی تبدیلی کے باعث صحت، تعلیم اور (بقیہ نمبر 1)

ایکسٹرا پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سٹڈی میں کامن دیلتھ پارلیمنٹ کے اجلاس میں شریک ہیں

وزیر دفاع نے عمران خان کی امریکا حوالگی کا امکان مسترد کر دیا

بیانات دینے والے وہ لوگ ہیں جب نواز شریف نے انکار کیا تو ان کیساتھ تھے، مشرف نے ہتھیار ڈالے تو اس کیساتھ تھے

9/1 والی جنگ بند ہو چکی ہے، افغانستان میں امن ہے لیکن پاکستان دہشتگردی کی شکل میں آج بھی اسکے نتائج بھگت رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کہیں کوئی کتا وزیر عمران خان کی رہائی کا کہتا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے سوشل میڈیا ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ بعض افراد کا کہنا ہے کہ امریکہ سے کال آنے کی دیر ہے اور عمران خان کو کال کرنے والوں کے حوالے کر دیا جائے گا، امریکہ کے سامنے کوئی کتا کرنے کی جرات نہیں کر سکتا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ نواز شریف (بقیہ نمبر 3)

ہر گھر پاکستانی کو گھر کی نعمت میسر ہو یہی ہماری پالیسی کا عزم ہے

محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ نے اپنا گھر اپنی چھت سکیم کے تحت کامیاب شہری کے زیر تعمیر گھر کا دورہ، مبارکباد دی

محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ نے اپنا گھر اپنی چھت سکیم کے تحت کامیاب ہونے والے شہری کو مبارکباد کا سرٹیفکیٹ پیش کیا

لاہور (اے پی پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ کی والدہ محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ نے حلقہ این اے 127 کے علاقہ کوٹ لکھپت میں ایک شہری محمد شفیق کے زیر تعمیر گھر کا دورہ کیا۔ محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ نے کہا کہ ہر سے گھر پاکستانی کو گھر کی نعمت میسر ہو یہی ہماری پارٹی کا عزم ہے۔ محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ نے اس کے لیے کیے گئے اقدامات کا اظہار کیا اور ان کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر سابقہ ایم این اے وامیدوار صوبائی اسمبلی محترمہ ضیاء بٹ، کوآرڈینیٹر ویمن ونگ این اے 127 راجہ افضل، وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 3)

وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات عطا اللہ تارڑ کی، والدہ محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ حلقہ این اے 127 کے علاقہ کوٹ لکھپت میں ایک شہری محمد شفیق کو سرٹیفکیٹ دے رہی ہیں

شہید اہلکاروں کے لواحقین کے ساتھ ہیں، سینیٹر روبینہ خالد

دہشت گردی میں چار ایف سی اہلکاروں کی شہادت پر خراج عقیدت

اسلام آباد (ثمائمہ عوامی للکار) چیئرپرسن سینیٹر ایف آئی پی سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا جنوبی دہشت گردی میں دہشت گردی میں چار ایف سی اہلکاروں کی شہادت پر (بقیہ نمبر 2)

نارووال: محکمہ سول ڈیفنس کا ہم ڈسپوزل اہلکار بیلا پور سے برآمد ہونے والے انڈین ساختہ ایٹمی ٹیکٹ ماٹن گولا کا رہنما رہا ہے

سہراب گوٹھ انڈس پلازہ کے قریب مبینہ مقابلے میں 2 ڈاکو ہلاک

مقابلے میں 2 ڈاکو زخمی ہوئے جن کی شناخت امین اور یاسین کے نام سے ہوئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقوں سہراب گوٹھ انڈس پلازہ اور نصیر آباد کے قریب مبینہ مقابلے میں دو ڈاکو ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد میں (بقیہ نمبر 2)

وفاق اور صوبے کندم کے بقایاجات کی مد میں پاسکو کے نادہندہ نکلے، رپورٹ

وزارت خزانہ پر پاسکو کے سب سے زیادہ 91 ارب 28 کروڑ روپے واجب الادا ہیں، ذرائع

پاسکو کاشت کاروں سے خریداری کے بعد سالانہ طلب کی بنیاد پر وفاقی، صوبائی حکومتوں اور اداروں کو گندم فراہم کرتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاق اور صوبے گندم کے بقایاجات کی مد میں پاکستان ایگریکلچر اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن لمیٹڈ (پاسکو) کے 194 ارب روپے کے نادہندہ نکلے، وفاقی وزیر خزانہ کی زیر صدارت اتی سی سی اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت خزانہ پر پاسکو کے سب سے زیادہ 91 ارب 28 کروڑ روپے واجب الادا ہیں جبکہ خیبر پختونخوا حکومت (بقیہ نمبر 2)

عمر ایوب کو 2 دسمبر تک راہداری ضمانت مل گئی

درخواست گزار عدالتوں میں پیش ہونا چاہتے ہیں لیکن گرفتاری کا خدشہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور تحریک انصاف کے رہنما عمر ایوب کو 2 دسمبر تک راہداری ضمانت دے دی گئی۔ پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس اعجاز انور کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار عدالتوں میں پیش ہونا چاہتے ہیں لیکن گرفتاری کا خدشہ ہے۔ عدالت نے درخواست گزار کو حفاظتی ضمانت دے دی (بقیہ نمبر 3)

3 سالہ بچی فضائی آلودگی پر قابو نہ پانے کیخلاف عدالت پہنچ گئی

آئین کے تحت حکومت شہریوں کو صاف ماحول دینے کی پابند ہے، درخواست گزار

لاہور (این این آئی) تین سالہ بچی نے فضائی آلودگی پر قابو نہ پانے کے خلاف لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا۔ تین سالہ بچی ال سکھیرا کی جانب سے ان کے وکیل نے دائر درخواست میں موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار اپنے دوستوں، کلاس فیلوز اور آسکند فیملی کے بچے کے ذریعے درخواست دائر کر رہی ہے۔ کمسن بچے اور بزرگ فضائی (بقیہ نمبر 5)

صدر انصاف لائرز فورم پنجاب چوہدری زبیر احمد لاہور ہائیکورٹ بار میں جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

مجرم آصف نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا

وزیر اعظم کی محمد آصف کو تیسری بار بین الاقوامی اسنوکر چیمپئن شپ جیتنے پر مبارکباد

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے محمد آصف کو دوحہ میں انٹرنیشنل بلیئرڈ اینڈ سنوکر فیڈریشن چیمپئن شپ جیتنے پر مبارکباد دی (بقیہ نمبر 7)

صیہونیت بطور مذہب اپنانے، لٹریچر کی تبلیغ و اشاعت کیخلاف بل منظور

ایسے جرم کو تین سال سزا اور 40 ہزار روپے جرمانہ کیا جائے گا، بل

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے صیہونیت بطور مذہب اپنانے اور اس کے لٹریچر کی تبلیغ و اشاعت کے خلاف بل متفقہ طور پر منظور کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قائمہ کمیٹی برائے داخلہ میں (ن) لیگ کے سینٹر اخان اللہ خان کی جانب (بقیہ نمبر 8)

اسٹاک ایکسچینج میں ڈالر 4 پیسے سستا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج کاروبار کا مثبت آغاز ہوا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج 100 انڈیکس 298 پوائنٹس کے اضافے سے 92 ہزار 320 پر آگیا۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 92 ہزار 21 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔ (بقیہ نمبر 4)

محکمہ شہریز خیبر پختونخوا سے سرپلس ملازمین نکالنے کا فیصلہ، فہرست تیار

پشاور (اے ایف پی) محکمہ شہریز خیبر پختونخوا سے سرپلس ملازمین نکالنے کا فیصلہ کر کے فہرست تیار کر لی گئی ہے۔ محکمہ شہریز کے مطابق محکمہ میں 682 ملازمین غیر ضروری بھرتی کیے گئے ہیں، زیادہ تر غیر ضروری بھرتیاں سوات میں کی گئی ہیں۔ محکمہ نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 6)

چوکی، گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے خود کو گولی مار لی

چوکی (این این آئی) چوکی، گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے خود کو گولی مار لی، ریسکیو 1122 کی ٹیم نے متاثرہ نوجوان کو زخمی حالت میں فی ایچ کیو ہسپتال چوکی منتقل کر دیا۔ تفصیل چوکی کے علاقہ خمر میں گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے خود کو گولی مار لی، ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمی کو کو طبی امداد (بقیہ نمبر 7)

ریپ کیسز سے متعلق قانون میں ترمیم کیلئے سب کمیٹی بنانے کا فیصلہ

کمیٹی میں داخلہ، قانون و انسانی حقوق کے نمائندے شامل، 10 روز میں اپنی رپورٹ دیگی

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں ریپ کیسز میں مزید بہتری لانے کے حوالے سے ترمیمی بل پیش کیا گیا جس پر سب کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ چیئرمین کمیٹی فیصل سلیم نے کہا ہے کہ کمیٹی میں داخلہ، قانون اور انسانی حقوق کے (بقیہ نمبر 8)

ایم ڈی کیٹ کے ہی مخالف ہوں، ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو

ایم ڈی کیٹ دوبارہ کروانے کی ذمے داری اس بار آئی پی اے کھر کو دی ہے

کراچی (این این آئی) وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے کہا ہے کہ بہت ساری عوامی خلل ضائع کر دا دیتی ہیں، یہاں کے درمیان وقفہ ہونا چاہیے۔ کراچی کے جناح اسپتال میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جناح اسپتال میں ہم نے (بقیہ نمبر 0)

پاکستان میں جاپان کے سفیر مسٹر موتو ہیرو وادا نے وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے الوداعی ملاقات کی

سوئی ناردرن گیس سپورٹس گالا 2024ء کا افتتاح

کھیلوں کے فروغ سے نہ صرف ٹیم سازی میں مدد ملتی ہے بلکہ آفیسرز اور سٹاف کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے

کھیلوں میں خواتین کی شرکت خوش آئند ہے، مینجنگ ڈائریکٹر عامر طفیل کا افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب

لاہور (پ ر) سوئی ناردرن گیس کے زیر اہتمام چار روز سالانہ کھیلوں کا افتتاح مینجنگ ڈائریکٹر عامر طفیل نے گذشتہ روز جناح اسٹیڈیم لاہور میں کیا۔ مینجنگ ڈائریکٹر عامر طفیل نے اس موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیلوں کے فروغ سے نہ صرف ٹیم سازی میں مدد ملتی ہے بلکہ آفیسرز اور سٹاف کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس کھیلوں میں خواتین کی شرکت خوش آئند ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ خواتین بہتر ین کھلاڑی بھی ہیں۔ اس موقع پر سوئی ناردرن سپورٹس سنٹر کے صدر اعتزاز محمود نے کھلاڑیوں سے حلف لیا۔ 6 سے 9 نومبر تک جاری رہنے والے سپورٹس گالا میں کرکٹ، بیڈمنٹن، فٹبال ٹیس، رسہ کشی، والی بال اور اتھلیٹکس کے مقابلے ہوں گے۔ اسپورٹس میں سوئی ناردرن ہیڈ آفس سمیت 23 ریجنل ٹیموں کے (بقیہ نمبر 5)

مینجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن گیس عامر طفیل چار روز سالانہ سوئی ناردرن سپورٹس گالا کا افتتاح کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

پاکستان اور موسمیاتی تبدیلیوں کے سنگین مسائل

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سوئمنگ سے آگاہی سے متعلق عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ سوئمنگ جیسی قدرتی آفات، فطری عوامل ہیں اور موسمیاتی تبدیلی سے آفات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان بھی کلائمیٹ چینج کے سنگین مسئلہ سے دوچار ہے، قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری کرنی ہوگی۔ سوئمنگ کی تباہی سے نمٹنے کے لیے ہمیں بین الاقوامی تجربات سے سیکھنا اور اپنی حکمت عملی کو مضبوط بنانا ہے۔ حکومت پنجاب نے جامع کلائمیٹ پالیسی متعارف کرائی ہے جس میں قدرتی آفات میں انسانی جان و مال کا تحفظ بھی شامل ہے۔ پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ عوام میں قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے باقاعدہ آگاہی پروگرامز کا انعقاد کر رہے ہیں۔ ناگہانی صورتحال میں شہریوں کو حفاظتی اقدامات سے آگاہ ہونا چاہیے۔ پنجاب میں انفراسٹرکچر کی تعمیر میں زلزلے کے نقصانات سے بچاؤ کی تکنیک کو اپنایا جا رہا ہے۔ ماحولیاتی بہتری کے لیے شہری حکومت کا ساتھ دیں۔ دنیا کو یکجا ہو کر قدرتی آفات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ پنجاب حکومت موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے اور ماحول کے تحفظ کے لیے جو اقدامات کر رہی ہے وہ قابل ستائش تو ہیں لیکن یہ سب کافی نہیں ہیں اور ہمارے ماحول کی بگڑتی ہوئی صورتحال بھی اسی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ ہمیں اور بھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم اپنے شہروں کو زندہ رہنے کے قابل بنا سکیں۔ پیننگ موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے نمٹنا وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے لیے بڑا چیلنج ہے۔ اس کے لیے مشترکہ حکمت عملی بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ سموگ نے لاہور کو دنیا کا آلودہ ترین شہر بنا کر رکھ دیا ہے اور یہ سب ہماری ان پالیسیوں کا نتیجہ ہے جن کی وجہ سے شہری آبادی مسلسل پھیلتی گئی ہے اور اس پر قابو پانے کے لیے قابلِ عمل اقدامات نہیں کیے گئے۔ اب ہمیں سموگ کے انسداد کے لیے بھی ایک مشترکہ حکمت عملی طے کرنی چاہیے کیونکہ سموگ صرف لاہور یا پنجاب کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ دیگر شہر اور صوبے بھی اس سے بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔

احتجاجی سیاست نامنظور

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitsahi@gmail.com

مظاہروں نے تاریخی طور پر شہریوں کو عدم اطمینان کا اظہار کرنے اور تبدیلی کی وکالت کرنے کا ایک پلیٹ فارم فراہم کیا ہے۔ اگرچہ احتجاجی مظاہرے سماجی انصاف اور سیاسی اصلاحات کے لیے موثر اوزار ہو سکتے ہیں لیکن بار بار کے احتجاج افراد، برادریوں اور عمومی طور پر قوم کو بھی منفی طور پر متاثر کر سکتے ہیں۔ پُرامن احتجاج کے حق سے کسی کو انکار نہیں مگر امن میں تشدد اور توڑ پھوڑ کی اجازت کوئی بھی ملک نہیں دیتا۔

پاکستان میں مظاہروں کے موجودہ منظر نامے کو سمجھنے کے لیے تاریخی تناظر پر غور کرنا ضروری ہے۔ 1947 میں اپنی آزادی کے بعد سے پاکستان کو سیاسی عدم استحکام اور شہری بدامنی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ قابل ذکر احتجاجی تحریکوں میں 1977 کے حکومت مخالف مظاہرے، 2007 کی وکلاء کی تحریک اور 2014 کے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مظاہرے شامل ہیں۔ وزیراعظم نواز شریف کی حکومت کے خلاف پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت میں ہونے والے مظاہروں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شہری بدامنی کس طرح سیاسی ڈھانچے کو غیر مستحکم کر سکتی ہے۔ جنرل محمد ضیاء الحق کی حکومت کے خلاف وسیع پیمانے پر مظاہروں نے معاشرے کو مزید پولرائز کیا اور مستقبل میں بدامنی کی بنیاد رکھی۔

وکلاء کی تحریک پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک اہم لمحہ تھا، جس کا مقصد چیف جسٹس افتخار محمد چودھری کی بحالی اور بالآخر جمہوریت کی بحالی کا باعث بننا تھا۔ تاہم ان مظاہروں نے گہری سماجی تقسیم اور ادارہ جاتی کمزوریوں کو بھی بے نقاب کیا۔ عمران خان کی قیادت میں 2014 کے مظاہروں کے نتیجے میں نمایاں عدم استحکام اور ریاستی اداروں کے ساتھ تصادم ہوئے۔ شہری احتجاج، خاص طور پر کراچی اور لاہور جیسے شہروں میں، دہشتگردانہ آئٹ اور شہری صلاحیت میں کمی کا باعث بنے اور اس کے نتیجے میں جمہوری معاشی سرگرمی میں کمی آئی ہے۔ بار بار شہری بدامنی غیر ملکی سرمایہ کاری کو بھی روک سکتی ہے، کیونکہ سرمایہ کار عدم طور پر منظم ماحول چاہتے ہیں۔ سرمایہ کاری کی ایک خطرناک مثال کے طور پر پاکستان کے تصور معاشی مواد ترقی کو روک سکتی ہے۔

احتجاج سیاحت کی صنعت کو بہت زیادہ متاثر کر سکتا ہے جو معاشی ترقی کے لیے اہم ہے۔ بار بار بدامنی سیاحوں کو روک سکتی ہے، جس کے نتیجے میں سیاحت پر انحصار کرنے والے کاروباروں کو معاشی نقصان پہنچ سکتا ہے، خاص طور پر تاریخی طور پر امیر شہروں جیسے لاہور اور اسلام آباد میں سرگرمیاں بھرپور شکار ہو جاتی ہیں۔ حکومت اکثر مظاہروں کو سنبھالنے کے لیے کافی وسائل مختص کرتی ہے اور دیگر ضروری اور بنیادی امور میں پشت پر جاتے ہیں۔

پرتشدد مظاہروں کے بعد املاک کو پہنچنے والے نقصان اور تعمیر نو کے اخراجات قومی بجٹ پر دباؤ ڈال سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر 2017 کے فیض آباد دھرنے کے نتیجے میں صفائی اور نقصان پر قابو پانے کے لیے کافی مالی وسائل کی ضرورت تھی۔ طویل احتجاج عوامی صنعتوں، خاص طور پر رئیل اسٹیٹ خدمات میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ حکومتی معاشی پالیسیوں کے خلاف 2019 کے مظاہروں کے نتیجے میں ملازمتوں میں کمی واقع ہوئی کیونکہ کاروباروں کو صارفین کی سرگرمی میں کمی کے ساتھ جدوجہد کرنا پڑی۔ پاکستان میں بہت سے افراد غیر رسمی شعبے میں کام کرتے ہیں، جو خاص طور پر مظاہروں کی وجہ سے ہونے والی رکاوٹوں کا شکار ہے، جس سے بدامنی اور بگڑتی ہوئی غربت اور معاشی عدم استحکام کے دوران مزدوروں کے بے یار و مددگار چھوڑ دیا جاتا ہے۔

بدامنی کی مسلسل حالت سیاسی بندش کا باعث بن سکتی ہے جو حکومت کو ضروری اصلاحات کو نافذ کرنے سے روک سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، پی ٹی آئی کے مظاہروں کے دوران، جس کی وجہ سے مقامی کاروباروں کو کافی نقصان پہنچا، جن میں سے بہت سے ناکہ بندی اور تشدد کی وجہ سے کام کرنے سے قاصر تھے۔

مسلسل مظاہروں سے پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال صارفین کے اعتماد کو کمزور کر سکتی ہے، جس کی وجہ سے لوگ خرچ کرنے کے بجائے بچت کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں مجموعی معاشی سرگرمی میں کمی آتی ہے۔ بار بار شہری بدامنی غیر ملکی سرمایہ کاری کو بھی روک سکتی ہے، کیونکہ سرمایہ کار عدم طور پر منظم ماحول چاہتے ہیں۔ سرمایہ کاری کی ایک خطرناک مثال کے طور پر پاکستان کے تصور معاشی مواد ترقی کو روک سکتی ہے۔

احتجاج سیاحت کی صنعت کو بہت زیادہ متاثر کر سکتا ہے جو معاشی ترقی کے لیے اہم ہے۔ بار بار بدامنی سیاحوں کو روک سکتی ہے، جس کے نتیجے میں سیاحت پر انحصار کرنے والے کاروباروں کو معاشی نقصان پہنچ سکتا ہے، خاص طور پر تاریخی طور پر امیر شہروں جیسے لاہور اور اسلام آباد میں سرگرمیاں بھرپور شکار ہو جاتی ہیں۔ حکومت اکثر مظاہروں کو سنبھالنے کے لیے کافی وسائل مختص کرتی ہے اور دیگر ضروری اور بنیادی امور میں پشت پر جاتے ہیں۔

پرتشدد مظاہروں کے بعد املاک کو پہنچنے والے نقصان اور تعمیر نو کے اخراجات قومی بجٹ پر دباؤ ڈال سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر 2017 کے فیض آباد دھرنے کے نتیجے میں صفائی اور نقصان پر قابو پانے کے لیے کافی مالی وسائل کی ضرورت تھی۔ طویل احتجاج عوامی صنعتوں، خاص طور پر رئیل اسٹیٹ خدمات میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ حکومتی معاشی پالیسیوں کے خلاف 2019 کے مظاہروں کے نتیجے میں ملازمتوں میں کمی واقع ہوئی کیونکہ کاروباروں کو صارفین کی سرگرمی میں کمی کے ساتھ جدوجہد کرنا پڑی۔ پاکستان میں بہت سے افراد غیر رسمی شعبے میں کام کرتے ہیں، جو خاص طور پر مظاہروں کی وجہ سے ہونے والی رکاوٹوں کا شکار ہے، جس سے بدامنی اور بگڑتی ہوئی غربت اور معاشی عدم استحکام کے دوران مزدوروں کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا جاتا ہے۔

بدامنی کی مسلسل حالت سیاسی بندش کا باعث بن سکتی ہے جو حکومت کو ضروری اصلاحات کو نافذ کرنے سے روک سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، پی ٹی آئی کے مظاہروں کے دوران، جس کی وجہ سے مقامی کاروباروں کو کافی نقصان پہنچا، جن میں سے بہت سے ناکہ بندی اور تشدد کی وجہ سے کام کرنے سے قاصر تھے۔

مسلسل مظاہروں سے پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال صارفین کے اعتماد کو کمزور کر سکتی ہے، جس کی وجہ سے لوگ خرچ کرنے کے بجائے بچت کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں مجموعی معاشی سرگرمی میں کمی آتی ہے۔ بار بار شہری بدامنی غیر ملکی سرمایہ کاری کو بھی روک سکتی ہے، کیونکہ سرمایہ کار عدم طور پر منظم ماحول چاہتے ہیں۔ سرمایہ کاری کی ایک خطرناک مثال کے طور پر پاکستان کے تصور معاشی مواد ترقی کو روک سکتی ہے۔

احتجاج سیاحت کی صنعت کو بہت زیادہ متاثر کر سکتا ہے جو معاشی ترقی کے لیے اہم ہے۔ بار بار بدامنی سیاحوں کو روک سکتی ہے، جس کے نتیجے میں سیاحت پر انحصار کرنے والے کاروباروں کو معاشی نقصان پہنچ سکتا ہے، خاص طور پر تاریخی طور پر امیر شہروں جیسے لاہور اور اسلام آباد میں سرگرمیاں بھرپور شکار ہو جاتی ہیں۔ حکومت اکثر مظاہروں کو سنبھالنے کے لیے کافی وسائل مختص کرتی ہے اور دیگر ضروری اور بنیادی امور میں پشت پر جاتے ہیں۔

پرتشدد مظاہروں کے بعد املاک کو پہنچنے والے نقصان اور تعمیر نو کے اخراجات قومی بجٹ پر دباؤ ڈال سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر 2017 کے فیض آباد دھرنے کے نتیجے میں صفائی اور نقصان پر قابو پانے کے لیے کافی مالی وسائل کی ضرورت تھی۔ طویل احتجاج عوامی صنعتوں، خاص طور پر رئیل اسٹیٹ خدمات میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ حکومتی معاشی پالیسیوں کے خلاف 2019 کے مظاہروں کے نتیجے میں ملازمتوں میں کمی واقع ہوئی کیونکہ کاروباروں کو صارفین کی سرگرمی میں کمی کے ساتھ جدوجہد کرنا پڑی۔ پاکستان میں بہت سے افراد غیر رسمی شعبے میں کام کرتے ہیں، جو خاص طور پر مظاہروں کی وجہ سے ہونے والی رکاوٹوں کا شکار ہے، جس سے بدامنی اور بگڑتی ہوئی غربت اور معاشی عدم استحکام کے دوران مزدوروں کے

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینس 08 نومبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کے مطابق ضروری سسٹم میٹینس اور مینٹیننس کے سلسلہ میں 132KV ڈھڈیال، گولڑہ ٹرانسمیشن لائن پر شرط کے تحت 40 سے 08 بجے تک کو ٹوبیشنٹ کی جائیگی۔ جس میں 08:00 بجے تا 12:00 بجے تک، گلبرگ، سیکٹر جی سیون، ڈی ایچ اے اسٹیج ون، ڈی ایچ اے فیز ون، ڈی ایچ اے فیز ٹو، ڈی ایچ اے فیز تھری، ڈی ایچ اے فیز فور، ڈی ایچ اے فیز فائیو، ڈی ایچ اے فیز سکس، ڈی ایچ اے فیز سیون، منصور فیڈر، فیز فور اور فیز ٹو جبکہ رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے تکلیف کی بوقت 12:00 بجے تک، 09:00 بجے تا 10:00 بجے تا 06:00 بجے تک کنٹرول روم سے رابطہ کرنے کی گزارش کرتی ہے۔

آج کا موسم

راولپنڈی: آج موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ درجہ حرارت 24 سے 26 سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 1

روزگار پر ضرب لگانے والے ہیں۔ آئی ایم ایف نے اپنے بیت بھی بھی، آئی ایم ایف حکام کی جانب سے ہونے والے اجلاس میں پیش کی گئی دستاویز کے مطابق پیداواری لاگت کم کرنے کے لیے سبسڈی کا خاتمہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ جناب ایڈوکیٹ زبیر نے کہا کہ ہم آئی ایم ایف کے اجلاس کی کم ہی شرح کر دی ہے۔ عشروں سابقہ سے سکوں میں اضافہ ہی ہوا ہے۔ اسی کی بنا پر ضروری ہوتا ہے کہ آپ نے زیر کر دی۔ پاکستان کا سالانہ بجٹ ہی ہے، اسی میں اس حوالے سے انٹیگریشن کی بھی ہو رہا ہوتا ہے۔ اس کی بنا پر سیلز ہوتا ہے اور پاکستان میں ہوتا

امریکا کی اندرونی معاملات میں مداخلت کی قیس آرائیاں غلط ہیں دفتر خارجہ

وزیراعظم شہباز شریف 11 نومبر کو الریاض سٹ میں فلسطین کی آزاد ریاست اور اسرائیلی جارحیت کے خاتمہ کا مطالبہ کریں گے ممتاز زہرا بلوچ

قاضی فائز عیسیٰ کی گاڑی پر حملے کے معاملے پر برطانوی حکومت سے رابطے میں ہیں، ترجمان دفتر خارجہ کی ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ پاکستان کے امریکا کیساتھ دیرینہ تعلقات ہیں، پاکستان دوسرے ممالک کی سیاست و اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا، ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی قیس آرائیاں غلط ہیں، کوپ کانفرنس میں وزیراعظم اور نریندر مودی کی ملاقات کا کوئی امکان نہیں، وزیراعظم شہباز شریف 11 نومبر کو الریاض سٹ میں فلسطین کی آزاد ریاست اور اسرائیلی جارحیت کے خاتمہ کا مطالبہ کریں گے، قاضی فائز عیسیٰ کی گاڑی پر حملے کے معاملے پر برطانوی حکومت سے رابطے میں ہیں۔ جمعرات کو ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے غزہ میں (ریفنڈ نمبر 28)

تجاوزات بلدیہ میں بیٹھی کالی بھیڑوں کی ملی بھگت کا نتیجہ

جعلی کارروائیوں سے ریڑھی بھجاریوں والوں کے گھروں کے چولہے بجھائے جارہے ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر بلدیہ گوجرخان بازاروں میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کے نام پر رچایا جانے والے ڈرامے سے پہلے اپنی بھی تھے ڈاٹک پھیریں چیف آفیسر ڈویژنل سٹیشن گروپ کو اطمینان بالائیک اپنے نمبر لگانے چھوڑ کر بلدیہ کی کالی بھیڑوں کو سامنے لائیں جن کی بہتہ خوری سے بازاروں میں تجاوزات مسلسل (ریفنڈ نمبر 29)

غزہ: فلسطینیوں نے غزہ کی پٹی پر اسرائیلی فوج کے حملے میں شہید ہونے والے شہداء کی نماز جنازہ ادا کی

پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کی 8 رکنی مانیٹرنگ کمیٹی کا نوٹیفکیشن جاری

کمیٹی یوم تاسیس، پارٹی پرچم لہرانے اہم امور کی نگرانی کرے گی

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کی 8 رکنی مانیٹرنگ کمیٹی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ شان ملک صوبائی مانیٹرنگ کمیٹی کے کوآرڈینیٹر ہوں گے جبکہ دیگر ممبران میں ڈاکٹر خیام حفیظ، فائزہ ملک، عمر شریف بخاری، ذاکر حسن منظر، عمران افضال، عابد صدیقی اور خالد بٹ شامل ہیں۔ اس حوالے سے جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی وسطی پنجاب سید (ریفنڈ نمبر 30)

تمام سرکاری ہسپتالوں کو سولر پینل پر منتقل کرنا چاہتے ہیں

طبی دواگاہوں کے مالی معاملات میں شفافیت کو یقینی بنایا جارہا ہے، خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ ہیلتھ کیئر انڈیٹ میڈیکل ایجوکیشن میں راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کا سینڈیکیٹ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری ضیاء اللہ شاہ، پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی، چیف سیکرٹری ذوالفقار سید واجد علی شاہ، ایڈیشنل سیکرٹری فاضل سدرہ عظیم (ریفنڈ نمبر 31)



اسلام آباد: اسلام آباد امپائرز سوشل سیکورٹی کے زیر اہتمام ایسٹمری کے سنگ بنیاد کے موقع پر سی ای او سیور فوڈز راجہ اسد اور گزیب کشمیر سوشل سیکورٹی محمد اشرف آرائیں چیئرمین ایم ڈی آئی اے کار پریشن اور مرزا منصور بیگ دعا مانگ رہے ہیں

قائم مقام سید ال خان سے چیئرمین سی ڈی اے کی ملاقات

چیئرمین سینٹ

پارلیمنٹ لاجز میں نئے بلاک تعمیر کی موجودہ صورتحال سمیت پارلیمنٹ لاجز کی تزئین و آرائش سے متعلقہ بجٹ سے آگاہ کیا

پارلیمنٹ لاجز میں نئے بلاک کی تعمیر اور تزئین و آرائش سے متعلق جاری کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے، قائم مقام چیئرمین سینٹ

ملاقات میں پارلیمنٹ لاجز میں نئے بلاک تعمیر بجٹ اور خرچ کئے گئے بجٹ کے متعلق آگاہ کیا گیا، چیئرمین سی ڈی اے نے 2012 سے (ریفنڈ نمبر 45)

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) قائم مقام چیئرمین سینٹ سید ال خان نے چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی

یوم اقبال، وفاقی حکومت کا 9 نومبر کو عام تعطیل کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے 9 نومبر کو علامہ اقبال کے یوم پیدائش پر ملک بھر عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ کیبنٹ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 9 نومبر کو شاہ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے یوم پیدائش پر ملک بھر کے تمام سرکاری ادارے، سکول، کالجز اور یونیورسٹیز بند رہیں گی۔ دوسری جانب سٹیٹ بینک نے بھی جاری اعلامیے میں 9 نومبر کو چھٹی کا اعلان کر دیا ہے۔

عمران خان کی نواز شریف کے ٹرمپ سے مذاکرات کرنے کی پرانی ویڈیو وائرل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کا ٹرمپ سے مذاکرات کرنے کی پرانی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا رپورٹ کے مطابق عمران خان نے ایک پرانا ویڈیو کلپ وائرل ہو رہا ہے جس میں نواز شریف اور وہ ڈونلڈ ٹرمپ کو آپس میں مذاکرات کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل کلپ میں عمران خان کہہ رہے کہ نواز شریف کو پاکستان کا ڈرامہ کہہ کر نواز بہت کچھ کہہ سکتے ہیں، نواز (ریفنڈ نمبر 47)

تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، وزیر تعلیم خیبر پختونخوا

اساتذہ احتجاج کی کال واپس لیں تو مذاکرات کیلئے تیار ہیں، فیصل ترکئی

پشاور (این این آئی) وزیر تعلیم خیبر پختونخوا فیصل ترکئی نے کہا ہے کہ احتجاج ہر کسی کا حق ہے لیکن سکول بند کرنا غیر قانونی ہے، سکول بند کرنے کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر تعلیم کے پی فیصل ترکئی نے کہا کہ بعض اساتذہ نے طلبا کو سکول سے نکال کر ویڈیوز بنائیں، احتجاج ہر کسی کا حق ہے لیکن (ریفنڈ نمبر 48)

پاکستان یورپی یونین مشترکہ کمیشن کا پہلا مشاورتی اجلاس

14 ویں پاکستان، یورپی یونین مشترکہ کمیشن کا اجلاس 19 سے 21 نومبر 2024 تک اسلام آباد میں منعقد ہوگا

اس سال کے اجلاس کا مقصد پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے

لاہور: وزیر پراسیکیوشن اینڈ سیکیورٹی ایجنسی کیئر پنجاب خواجہ عمران بڑیچ کسٹمز لاہور کے ہمراہ انسداد سموگ کے سلسلہ میں لبرٹی مارکیٹ میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انسانی حقوق کی زیر صدارت 14 ویں پاکستان۔یورپی یونین مشترکہ کمیشن کا پہلا مشاورتی اجلاس 14 ویں پاکستان۔یورپی یونین مشترکہ کمیشن کا اجلاس 19 سے 21 نومبر 2024 تک اسلام آباد میں منعقد ہو رہا ہے۔ اس اجلاس کے پہلے مشاورتی اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف اور انسانی حقوق، بیرسٹر اعظم نذیر تارڑ نے کی۔ اس سال کے اجلاس کا مقصد پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کرنا (ریفنڈ نمبر 49)

سانگلہ ہل سے اغوا 3 سالہ بچہ گوجرہ سے بازیاب، ملزم گرفتار

سانگلہ ہل (این این آئی) ڈی پی او سانگلہ کی ہدایت پر تھانہ سٹی سانگلہ ہل سے اغوا ہونے والے 3 سالہ بچے محمد موسیٰ کو ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے علاقہ گوجرہ سے بازیاب کروا کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ تین سالہ محمد موسیٰ سانگلہ ہل کے محلہ مسلم ٹاؤن سے اغوا ہوا تھا۔ جسکے اغوا کا مقدمہ والد فرحان علی کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا۔ پولیس تھانہ سٹی سانگلہ ہل اور سی آئی اے پولیس ٹیموں نے متوفی بچے کو 24 گھنٹوں میں بازیاب کروایا۔ ایس ایچ (ریفنڈ نمبر 51)

بادشاہی مسجد کی سیر کے لیے آئی خواتین کو ہراسگی کا سامنا، ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں بادشاہی مسجد کی سیر کے لیے آئی خواتین کو ہراسگی کا سامنا، پیچل وہکن پولیس انٹیجن نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر دیا۔ متاثرہ خاتون کے مطابق ملزم ہیرا اور شلی کے ساتھ آئی خواتین کا پیچھا کر رہا تھا، روکنے پر چھوٹی بس کو تھپڑ مارا اور بدتمیزی بھی کی۔ خاتون نے فوری طور پر 15 پر کال کر کے پولیس کی مدد طلب کی۔ موقع پر پیچل وہکن پولیس انٹیجن نے پولیس کو موقع پر بھجوایا۔ پولیس (ریفنڈ نمبر 53)

ٹی ایچ کیو گوجرخان کا شعبہ گائنی و لیبر روم انتہائی توجہ کا طالب

سینئر گائنی کی ڈاکٹر کی کارکردگی پر شہریوں کا عدم اطمینان کا اظہار، حکام توجہ دیں

گوجرخان (قمر شہزاد) ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کا شعبہ گائنی و لیبر روم انتہائی توجہ کے طالب لیبر روم کے حوالے سے شہریوں کا عدم اطمینان کا اظہار اور سینئر گائنی کی ڈاکٹر کی عدم دلچسپی پر سخت ناالں عوامی حلقوں نے محتجی عوامی نمائندگان تحصیل حکومت کے اعلیٰ حکام سمیت وفاقی و صوبائی انتظامیہ سے اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے اس تمام تر صورتحال (ریفنڈ نمبر 38)

اے سی پنڈ دادنخان نادیہ پروین کے اعزاز میں استقبالیہ

پیرد ارایسوسی ایشن پنجاب کے چیئرمین راجہ غلام اکبر منڈاہڑ کی مکمل تعاون کی یقین دہانی

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تحصیلات کے مطابق نیمر دارایسوسی ایشن پنجاب کے چیئرمین راجہ غلام اکبر منڈاہڑ کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان نادیہ پروین کو استقبالیہ دیا گیا استقبالیہ میں تحصیل بھر کی تمام یونین کونسلوں اور تمام نمبر داران کا (ریفنڈ نمبر 39)

لاہور: نوجوان بوڑھا لاچوک میں جیکٹ خریدنے کے لئے پسند کر رہا ہے

"21 ویں صدی میں والدین کے کردار" کے موضوع آگاہی سیمینار

والدین سمیت سیاسی وسماجی حلقوں کا سکول ڈائریکٹر مرزا ذوالفقار حسین کو خراج تحسین

خصوصی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد سٹار گرلز ہائی سکول کھیڑہ کے زیر اہتمام

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تحصیلات کے مطابق سٹار گرلز ہائی سکول کھیڑہ کے زیر اہتمام سالانہ رپلج میرج ہال کھیڑہ میں "21 صدی میں والدین کے کردار" کے موضوع پر والدین کے لیے ایک خصوصی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں ماہی شہرت یافتہ ماہر تعلیم اہتمام الحق وارہ نے والدین کو جدید دور کے تقاضوں، ٹیکنالوجی کے اثرات، اور بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے رکاوٹ اور حل کے طریقوں پر تفصیلی گفتگو اور آگاہی کے ساتھ دو گھنٹے کی اعتقادی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں والدین کو جدید دور کے چیلنجز کو مؤثر طور پر 21 ویں صدی کے سکولز سکھانے کے سات نکاتی پروگرام جس میں لائف سکلز، سوشل (ریفنڈ نمبر 40)

ڈیرہ غازی خان، ٹرک اور وین میں خوفناک تصادم

خوفناک حادثے میں سکول پرنسپل سمیت 4 خواتین ٹیچرز جاں بحق، 6 زخمی

ڈی جی خان (انٹرنیوز) ڈی پی او ڈی جی خان میں وین اور ٹرک میں تصادم میں 3 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق جبکہ 6 خواتین زخمی ہوگئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ڈیرہ غازی خان کے نجی سرور روڈ پر نجی سکول کے قریب ڈیرہ غازی خان سے کئی سرور جانے والی تیز رفتار وین اور ٹریک کرتے مخالف سمت سے آنے والے ٹرک سے جا ٹکرائی جس کے نتیجے میں 3 خواتین سمیت 4 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ 6 خواتین زخمی ہوگئیں۔ حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیموں (ریفنڈ نمبر 41)

لاہور مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی رانا مبشر اقبال اور رکن پنجاب اسمبلی رانا رشید مہناس کا بہتہ اپی ڈی اے کے سیدھ تج پاپ لائن کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

آر آئی سی میں فالج مریضوں کے لئے سہولیات ختم

ممبر ٹاسک فورس کا چیئرمین وزیراعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس کو خط، فنڈز فراہمی کی درخواست

راولپنڈی (انٹرنیوز) راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں فالج مریضوں کیلئے سہولیات ختم ہوگئیں، ممبر ٹاسک فورس نے چیئرمین وزیراعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس کو خط لکھ دیا ہے۔ خط کے مطابق راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں فالج مریضوں کیلئے سہولیات ختم ہوگئیں، ممبر ٹاسک فورس نے چیئرمین وزیراعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس کو خط لکھ دیا ہے۔ خط کے مطابق اسٹروک ریکنسٹرکشن کی سہولت موجود نہیں، آر آئی سی کے پراپرٹ سیکٹر میں بھی سہولیات کا فقدان ہے۔ ممبر ٹاسک فورس (ریفنڈ نمبر 42)

لاہور: پاڑی پاڑ سبزی منڈی میں خانہ بدوش بچیاں کھیل کود میں مصروف ہیں

سموگ کا رونا کم نہ ہو سکا، لاہور بدستور پہلے نمبر پر براجمان

ٹی ایچ کیو اے فیز 8 کے علاقے کا ایئر کوالٹی انڈیکس 1254 تک پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب میں سموگ کی شدت میں کمی نہ ہو سکی، آلودگی کے اعتبار سے لاہور بدستور پہلے نمبر پر براجمان رہا۔ شہر لاہور میں سموگ کی اوسط شرح 822 ریکارڈ کی گئی تاہم ٹی ایچ کیو اے فیز 8 علاقے کا ایئر کوالٹی انڈیکس 1254 تک پہنچ گیا شمسہ پھاڑی اور امریکی قونصلیٹ کے علاقے کا ایئر کوالٹی انڈیکس 876 ریکارڈ کیا گیا۔ ماہر محکمہ ماحولیات کا کہنا ہے کہ آئندہ آنے والے ایام میں سموگ کی شرح میں مزید اضافے کا امکان ہے، بڑھتی ہوئی سموگ کے باعث شہری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ (ریفنڈ نمبر 43)

اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوئے بغیر دنیا و آخرت میں نجات ممکن نہیں

نبی اکرم ﷺ کی سنتوں اور حرمت کے محافظ بن جاؤ دنیا اور آخرت سنور جائیگی، علماء کرام

رائے وٹ (این این آئی) رائے وٹ میں سٹیٹی جماعت کے عالمی اجتماع کے دوسرے مرحلے کا آغاز ہو گیا، مختلف نشستوں سے خطاب کرتے ہوئے مولانا محمد ابراہیم دہلوی، مولانا نذر الرحمان اور دیگر نے کہا کہ دعوت وتبلیغ کی وجہ سے لاکھوں انسانوں کی زندگیوں میں تبدیلیاں آ رہی ہیں، اپنے چوٹ کے قد پر اسلام ناقدر کرو، اپنے گھروں اپنے اہل وعیال پر اسلام نافذ کرو، گھروں میں اسلامی ماحول فراہم کرو، اپنے کردار، گفتار اور معاملات (ریفنڈ نمبر 44)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

یوم اقبال، وفاقی حکومت کا 9 نومبر کو عام تعطیل کا اعلان

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی حکومت نے 9 نومبر کو علامہ اقبال کے یوم پیدائش پر ملک بھر عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ کیبنٹ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 9 نومبر کو شاہ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے یوم پیدائش پر ملک بھر کے تمام سرکاری ادارے، سکول، کالجز اور یونیورسٹیز بند رہیں گی۔ دوسری جانب سٹیٹ بینک نے بھی جاری اعلامیے میں 9 نومبر کو چھٹی کا اعلان کر دیا ہے۔

عمران خان سے ملاقات نہ کرانے پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل طلب

ہم بار بار اس عدالت کو تکلیف دیتے ہیں لیکن مجبوراً ہمیں یہاں آنا پڑتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی سیاسی رہنماؤں سے ملاقات نہ کرانے پر قونین عدالت کی درخواست پر سماعت کی، بانی پی ٹی آئی (ریفنڈ نمبر 46)

چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ ہم بار بار اس عدالت کو تکلیف دیتے ہیں لیکن مجبوراً ہمیں یہاں آنا پڑتا ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ عمران خان کی سیاسی رہنماؤں سے ملاقات نہ کرانے پر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ بانی پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان کو تکلیف دینے کا کوئی ارادہ نہیں تھا، ہم کوشش کریں گے کہ آئندہ آنے والے ایام میں ایسا نہ ہو۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہم کوشش کریں گے کہ آئندہ آنے والے ایام میں ایسا نہ ہو۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم کوشش کریں گے کہ آئندہ آنے والے ایام میں ایسا نہ ہو۔ عدالت نے مختصر سماعت کے بعد خریدہ عمران کا خان پی ٹی ایل سے نکالنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔

کراچی، دو پولیس مقابلوں میں 2 ڈاکو ہلاک، ایک زخمی

کراچی (انٹرنیوز) کراچی میں دو مختلف مقابلے پولیس مقابلوں میں 2 ڈاکو ہلاک، ایک زخمی ہوگیا۔ کراچی پولیس کے مطابق ضلع آباد میں شاہراہ پاکستان کے پاس موٹر سائیکل سواروں کو مشکوک سمجھ کر روکا گیا جس پر انہوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی، جوابی فائرنگ سے دونوں ڈاکو زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ملزم مامین دوران علاج دم توڑ گیا جبکہ مامین کی حالت بھی تشویشناک ہے۔ پولیس کے مطابق ہلاک و زخمی ملزم کے قبضے سے پستول و موٹر سائیکل برآمد کر (ریفنڈ نمبر 32)

سی ٹی ڈی کیساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 2 اہم خوارجی ہلاک

دونوں دہشتگرد یوسف سائن کلاچی، طاہر خان سائن کلاچی فورسز کو انتہائی مطلوب تھے، پولیس

پشاور (این این آئی) ڈی آئی خان کی تحصیل درابن کلاچی میں سی ٹی ڈی نے دو اہم خوارجیوں کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق سی ٹی ڈی نے دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا (نمائندہ خصوصی) ہیکنگ جاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کے سنڈی میں ہونے والی کامن ویلتھ پارلیمنٹری ایسوسی ایشن (سی پی اے) کانفرنس میں شرکت کی، جہاں انہوں نے بہبودی اقدار اور شفافیت پر پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے پاکستان کی موقف کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان بہبودیت کے استحکام اور شفاف طرز حکمرانی کے اصولوں کی پاسداری کے لیے (ریفنڈ نمبر 33)

آپریشنل وجوہات، پی آئی اے کی 2 پروازیں منسوخ

لاہور (انٹرنیوز) آپریشنل وجوہات کے باعث پی آئی اے کی 2 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق پی آئی اے میں انتظامی مسائل کے باعث لاہور سے ریاض جانیوالی پی آئی اے کی 2 پروازیں پی کے 725 اور 726 منسوخ کردی گئی ہیں۔ دوسری جانب اطلاعات ہیں کہ کراچی کی 2 پروازیں ایک سے سوا گھنٹے کراچی سے دبئی کی (ریفنڈ نمبر 34)

انٹرین ساختہ 12 پاؤنڈ وزنی اینٹی ٹینک مائن M5 برآمد

ناروال (این این آئی) ظفروال کے گاؤں بیا پورے انٹرین ساختہ 12 پاؤنڈ وزنی اینٹی ٹینک مائن M5 برآمد، بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ظفروال کے گاؤں بیا میں ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر عاصم ریاض کی جانب سے اسٹاف کو اکارہ کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر عاصم ریاض کی جانب سے بم ڈسپوزل سکواڈ بیکار روائی کرتے ہوئے تفصیل ظفروال (ریفنڈ نمبر 37)

مولانا فضل الرحمان لندن پہنچ گئے، اہم ملاقاتیں متوقع

مولانا فضل الرحمان برطانیہ میں 10 روز قیام کریں گے، پارٹی رہنما

لندن (این این آئی) جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان لندن پہنچ گئے جہاں وہ 10 روز قیام کریں گے۔ جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے ہمراہ مفتی راشد سومرو اور مفتی ابرار بھی لندن پہنچے ہیں، قیام و ایڈوکیٹ پہنچ پہ پارٹی کشمرا و آکثر فیصل نے جے یو آئی کے رہنماؤں کا استقبال کیا۔ قیصر وایڈوکیٹ نے جمعیت علمائے اسلام برطانیہ کے منتخب خالد محمود اور دیگر عہدیداران بھی استقبال کیلئے موجود تھے جبکہ مولانا فضل الرحمان برطانیہ میں 10 روز قیام کریں گے۔ پارٹی رہنماؤں کے مطابق مولانا فضل الرحمان کی شخصیت یوسف سائن کلاچی اور خاور خان سائن کلاچی سے ہوئی۔ (ریفنڈ نمبر 35)

ایس آئی ایف کا تعاون، پاکستان میں آسٹریلوی زرعی مہارت کا نفاذ

حکومت نے فصلوں کی نی ایکٹریڈ اور کھاد بنانے کے لیے 400 ارب روپے مختص کیے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف ہی کے تعاون سے حکومت پاکستان نے خوراک اور دودھ کی پیداوار میں اضافہ کرنے کے لیے زراعت اور لائیو سٹاک کے شعبوں میں آسٹریلیا کی مہارت سے استفادہ کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ زراعت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، معیاری بیج اور اناج کے ذخیرہ کے سے طریقوں کے لیے اور تجربات (ریفنڈ نمبر 36)

وزیر خزانہ سے جاپان کے سبکدوش سفیر کی ملاقات

دوستانہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کا عزم

دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوطرفہ تعاون، علاقائی، عالمی امور مشترکہ اقدار و نقطہ نظر پر تبادلہ خیال

وفاقی وزیر خزانہ کی پاکستانی معیشت کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے اور مضبوط بنانے میں جاپان کے کلیدی کردار کی تعریف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان قریبی دوستانہ تعلقات قائم ہیں، دونوں ممالک کے درمیان تجارت، ثقافت، تعلیم اور عوامی رابطوں کے فروغ کے ذریعے اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے وسیع مواقع اور استعداد موجود ہے۔ جمعرات کو جاپان وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے جاپان کے سبکدوش ہونے والے سفیر خوجیرا دادا نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوطرفہ تعاون، علاقائی اور عالمی امور پر مشترکہ (ریفنڈ نمبر 43)

آن لائن مالی فراڈ میں ملوث گینگ کا اہم رکن گرفتار

ملزم رقم نکلوانے بینک آیا تھا جہاں سے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا، پولیس

راولپنڈی (این این آئی) ایف آئی اے ساہیوال کرائم سرکل راولپنڈی نے آن لائن مالی فراڈ میں ملوث گینگ کے اہم رکن کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم راشد ملک کو چھاپہ مار کارروائی میں راولپنڈی سے گرفتار کیا گیا، ملزم آن لائن فراڈ میں ملوث بینک اکاؤنٹ کا اہم سہولت کار ہے۔ ملزم کو مشترکہ (ریفنڈ نمبر 54)

میڈیا کے ذریعے رابطہ کر کے اپنے جال میں پھنساتا تھا، ملزمان جعلی اکاؤنٹ کا خود کو متاثرین کا رشتہ دار ظاہر کر کے بنوتے تھے۔ ملزم راشد ملک نے دیگر ساتھیوں کی مل بگت سے جعلی دستاویزات استعمال کرتے ہوئے بینک اکاؤنٹ کھلوائے اور اکاؤنٹ بیکروں میں 14 اکاؤنٹ کھلوائے۔ ملزم (ریفنڈ نمبر 55)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com